# نذرِ عقیدت

یعنی

## مدیحِ ہز اگزالٹڈ ہائی نس آصف جاہِ سابع

## سلطان العلوم خسروِ دکن صانہا اللہ عن الفتن

گزرانیدۂ

**محوی**

## از جنابِ مولانا الحاج محمد حبیب الرحمٰن خاں نواب صدر یار جنگ بہادر مدظلہ العالی

ایک وقت تھا کہ شیراز اور اصفہان کی بادِ بہاری فلک نما پہاڑوں کو طے کر کے ہندوستان کے میدانوں کو بھی رشکِ گلزار بناتی تھی۔ یہ بہاریں صدیوں تک آتی اور ہندوستان کو چمنستان بناتی رہیں۔ یہ مبالغہ نہیں واقعہ ہے۔

لوگ کہیں گے گل و بلبل، شمع و پروانہ کے افسانے میں کیا رکھا تھا۔ یہ وہ کہیں گے جو حقیقت سے بیگانہ ہیں، واقعات سے نا آشنا ع

چوں ندیدند حقیقت رہِ افسانہ زدند

ادبِ فارسی نے اہلِ ہند کے دل و دماغ کے شگفتہ کرنے اور معاملہ فہم و حقیقت سنج بنانے میں جو حصہ لیا (اور بہت بڑا حصہ لیا) اُس کے آثار شکر ہے اب بھی بہت کچھ باقی ہیں۔ عمارتوں میں تاج گنج، دلّی کی جامع مسجد مثالاً لو۔ صنعت و حرفت میں کشمیر کی شال لو۔ ڈھاکہ کی ململ لو۔ معاملہ فہمی میں ٹوڈرمل اور ابوالفضل کو لو۔ بالآخر سب کا مجموعہ شاہانِ تیموریہ کو لو۔ وہ سب کے سب فارسی ادب کے فیض یافتہ تھے جن کی ممنونِ ایجاد یہ عمارتیں، یہ صنعتیں اور

اراضی کے بندوبست وغیرہ بیسیوں ترقی انسانی کے سرچشمے تھے۔

شیر شاہ جس نے اپنی جہاں بانی کی قوت سے ایک عالم کو حیرت میں ڈالا ہے اس کے مورخ لکھتے ہیں کہ گلستاں اور بوستاں کی اکثر حکایتیں اس کو ازبر تھیں اور اس کی خلوت و جلوت اور رزم و بزم کی رفیق و رہنما۔

آج کشمیر کی بہاریں دنیا کو کھینچ رہی ہیں۔ گوناگوں نفعے اس سے حاصل کیے جا رہے ہیں۔ تاریخ دیکھو۔ سارا کرشمہ فارسی ادب کے فیض کا ہے۔ چالیس برس کی مسلسل محنت میں سلطان زین العابدین نے کشمیر کو کشمیر بنایا۔ وہ فیض لایا تھا سمرقند و بخارا سے۔ اس کے بعد شاہانِ مغلیہ نے اس کو سنوارا۔

اس کو یاد رکھنا کہ فارسی کی پشت و پناہ عربی تھی وہاں سے فیض لے کر فارسی دنیا کو فیض پہنچاتی رہی۔

آج انگلستان جو اہتمام مولانائے رومؒ کی مثنوی کی اشاعت کا کر رہا ہے وہ زندہ مثال فارسی ادب کے فیض کی ہے۔

فارسی ادب کی حیات بخشی کا نادر ثبوت وہ فضا ہے جو اس ادب کی فیض باری سے سرزمین ہند میں پیدا ہوئی۔ اس فضا کی روح پروری میں سارے مذہبی اور فرقہ داری اختلاف صلح و محبت سے بدل گئے۔ ہندو مسلمان، شیعہ سنی سب کے سب ایک رنگ میں رنگ گئے۔ رنگ پوڈر کا نہیں، محبت اور یک جہتی کا۔ گجراتی، مرہٹی، ہندی، بنگالی، گرمکھی وغیرہ جس زبان کو لوگے ادب فارسی کی گرمی سے اس کی نبض میں جنبش پاؤ گے۔ آج کل کی تصانیف نہیں اس زمانے کی تصانیف پڑھو اس رنگ بلکہ بے رنگی کا واضح ثبوت پاؤ گے۔

عارف رومیؒ کی دو بیتیں برسبیلِ تنزل یہاں سبق آموز ہوں گی ؂

چوں کہ بے رنگی اسیرِ رنگ شد    موسی و فرعون اندر جنگ شد
چوں بہ بے رنگی رسی کاں داشتی    موسی و فرعون دارند آشتی

حال و ماضی پر نظر ڈال کر یہ شعر مکرر پڑھو۔ مرقع عبرت نگاہ کے سامنے پھر جائے گا۔ افسوس کہ دیکھتے دیکھتے اس بہار پر خزاں آگئی۔ وہ فضا مٹ گئی۔ آج بھی خاقانی و انوری کا درس ہے مگر مدرس، مٹا ہوا برائے نام (بلکہ نام کو نہیں) کیوں؟ ادبی فضا نہیں۔ نتیجہ آنکھوں کے سامنے۔ جو لوگ زمانہ حال کو بنا گئے اُن کو آنکھیں ڈھونڈتی ہیں، نہیں پاتیں۔ راجہ رام موہن رائے، پنڈت اجودھیا ناتھ، سر سید احمد خاں، محسن الملک اور وقار الملک آج کہاں ہیں اور اُن کے نہ ہونے کو ملک کس شدت سے محسوس کر رہا ہے؟

اس بے کیفی کی تاریکی میں اگر کسی طرف سے روشنی آجائے تو اوّل حیرت اُس کے بعد مسرت ہوتی ہے۔

یقین کیجیے کہ جب مولوی مسعود علی صاحب محوی میرے مکرم کا خط آیا کہ فارسی کلام اُن کا طبع ہوا ہے اور اُس کا نسخہ میرے پاس آئے گا تو مجھکو بھی اوّل حیرت اُس کے بعد مسرت ہوئی۔ حیرت اس پر کہ اب بھی زبان و قلم پر فارسی کے الفاظ آتے ہیں۔ مسرت اس پر کہ ابھی کچھ چنگاریاں باقی ہیں کیا عجب کہ کسی روز بھڑک اُٹھیں، دلوں کو گرما دیں، خرمنِ جنگ و جدل کو پھونک دیں۔

اس مجموعے کا نام "نذرِ عقیدت" ہے۔ اُس کی نسبت چند لفظ عرض کرتا ہوں۔ اس کا افسوس ہے کہ جہاں استادانِ سلف کی ادبی روش میں جناب محوی محو ہیں

وہاں اتلاف کلام میں بھی اُن کے قدم بہ قدم چلنا پسند کیا ہے۔ عرفی نے ایک مجموعہ کھویا تھا تو یہ بھی کھو بیٹھے۔ نقصان یہ ہوا کہ غزل سے کلام خالی ہے۔ صدہا برس سے فارسی کا سرمایۂ ناز غزل ہے جس کو متاخرین کی نکتہ سنجی اور سحر آفرینی نے سحر حلال کا مرتبہ بخشا ہے۔ تصوف کی آمیزش نے اُس کو مثنوی و قصیدے کی صف میں جا بٹھایا ہے۔ صرف قطعات و قصاید اس مجموعے میں ہیں۔ اُن کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ اہل زبان کے انداز بیان اور طرز سخن کا گہرا مطالعہ شاعر نے کیا ہے اور اس لئے فارسی ادب کا لطف اس کلام کو پڑھکر حاصل ہوتا ہے۔

ایک خوش قسمتی محوی کی قابل رشک ہے۔ اُن کو مواقع ایسے ملے کہ جنھوں نے اُن کے کلام میں زندگی کی قوت اور واقعیت کی روح پھونک دی۔ حیدرآباد فرخندہ بنیاد میں عہد عثمانی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہٗ اُن کو نصیب ہوا اور متواتر ایسے موقعے آتے رہے کہ جو ادب فارسی کے فروغ کے لئے مناسب بلکہ ہنگامہ گرم کن تھے۔ محوی نے ہر موقع کے مناسب نظم ادیبانہ روش سے لکھی۔ خوبی یہ کہ مبالغہ کی پرواز سے عدم آباد نہیں بسایا بلکہ اسی دنیا میں رہ کر وہ واقعات نظم کئے جن کی حقیقی شان اور رفعت مبالغہ کی محتاج نہ تھی اور اپنے زور طبیعت اور لطف بیان سے مبالغہ سے زیادہ دلکشی پیدا کی۔ روانی، تاثیر اور بلاغت کے نمونے دکھائے۔

آخر میں اُس یک رنگی کو پھر یاد کرو، جس کی داستان میں نے آغاز کلام میں چھیڑی تھی اور محوی کا یہ فقرہ پڑھو اور میرے بیان کی تصدیق کرو۔

"اگر اعلیٰ حضرت خداوند نعمت بندگان عالی متعالی میر عثمان علی خاں آصف ہفتم خلد اللہ عمرہٗ وسلطنتہٗ سے خسرو اقلیم سخن کی نظر تربیت و اصلاح

اور عالی جناب سر مہاراجہ کرشن پرشاد یمین السلطنت دام اقبالہٗ سے
کہنہ مشق سخن گو اور سخن شناس کی دل افزائیوں کا اضافہ کر لیا جائے
تو میرے مختصر سرمایۂ استعداد کا سرسری اندازہ ہو جائے گا"
آخر میں دعا ہے کہ محوی کی محنت بار آور ہو۔ اُن کے کلام کی اہل ملک قدر کریں
اور اس سے فیضِ پاک جہتی حاصل[ع] جس کا ملک آج اُسی طرح محتاج ہے جس طرح
پیاسا پانی کا، بھوکا روٹی کا۔

---

ع یعنی اگلے ہمدموں کے فیض صحبت پر ۱۲ شروانی

حبیب گنج
۱۳ رجب المرجب ۱۳۵۶ھ

محمد حبیب الرحمٰن خاں
(صدر یار جنگ)

## از جناب علامہ محمد عبد اللہ العمادی مدظلہ العالی رکن دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیوتِ شعر میں ایک "نسیب" ہے جسے عجمیت کے شباب نے "تشبیب" بنا دیا۔
ایک "مخلص" ہے کہ عرصۂ ادب میں فن کی گریز پائی دیکھتے دیکھتے "گریز" کر گیا۔
ایک "مدح" ہے کہ اچھے کاموں کی ترغیب دلائے۔
آخر میں دعا ہے کہ صلاح و فلاح کی اللہ توفیق دے اور مکروہات سے بچائے۔
تشبیب میں وہی کچھ پیشرو ہوئے جن کے قدم دائرۂ امکان سے آگے بڑھ چلے۔
کمال اسمٰعیل کو "خلاق معانی" کہتے ہیں انھوں نے آفتاب سے تشبیب کی ہے کہ یہ
ایک صابون کی ٹکیا اور گرم پانی کا طشت ہے کہ رات کی تاریکی اس سے دھل جائے ؎

قرص صابون ساخت پیدا ری و طشتی آب گرم
تا بدال گردوں فرو شوید ز زلف شب خضاب

آنکھ کے ایک پردہ کو عنکبوتی کہتے ہیں اور اصطرلاب میں بھی عنکبوت ہے۔ اس پر
مضمون کا جالا تنتے ہیں ؎

مانندِ عنکبوتِ سطرلاب رخنہ شد      اطباق عنکبوتیِ ایں دیدۂ خراب

---

لطف مخلص کی بندش سے تو تجمیت نے گویا خلاصی ہی حاصل کرلی۔

---

مدح میں فرض کرتے ہیں کہ ممدوح کا نیزہ اتنا بلند ہے کہ آسمان کو چھو لیتا ہے، بالفرض دشمن بھی اونچا ہو تو کیا ہوا؟ نیزہ ہی کی طرح لرزتا رہے گا ؎

گرچو رمح تو برد دشمنِ تو سر بفلک      استخوانہاش ہم از بیم تو لرزاں باشد

---

حیات دوام کی دعا کرتے ہیں، اس لئے کہ شاعر کی رائے میں تمام دنیا ممدوح ہی کے اشاروں پر چل رہی ہے ؎

جاوید زی کہ وضع فلک دورِ روزگار      چوناں کہ رفت اشارتِ تو ہمچناں نہاد

---

اب مولانا محوی کا علوِّ مقام دیکھئے کہ سبقت کا جو مضمار ہے، مسابقت کا جو مقام ہے، سب میں سابق اُن کا کلام ہے۔

نسب میں فرماتے ہیں: ؎

غیرِ انساں نیز در بازارِ عالم جنسہاست      گرمیِ بازار لیکن سبب ایں یک تن ست

اے سزا وارِ شرف دستے برآر از آستیں      تا شود پیدا کہ مردے اندریں پیراہن ست

خانخاناں کی زمینِ سخن کو شاداب کرتے ہیں: ؎

بدوست یاد ندارم مرا چہ پیوند ست      جزایں دو حرف کہ من بندہ او خداوند ست

زمنکراں نہ ہراسم کہ بر محبت من — نگاہ شوق گواہ ست و اشک سوگند ست

"آیات اولی الالباب" کی تفسیر کی ہے: ؎

بہ پند غیر چہ حاجت کہ بہر اہلِ نظر — جہاں و ہر چہ درو ہست پند در پند ست

عزتِ نفس کا منظر دیکھیے: ؎

تشنۂ الطاف تو در کربلائے نام و ننگ — داد جاں در تشنگی و خیمہ بر کوثر نزد

نظیری کی طرح یہ شان بے نظیری دیکھنے کے قابل ہے: ؎

منصور را شماتتِ صد دشمناں نداد — دردے کہ از ملامتِ یک آشنا رسید

عزمِ بلند کا درس دیتے ہیں: ؎

قصورِ خاطرِ تنگ ست و دامنِ کوتاہ — وگرنہ لالہ و گل در چمن فراوان ست

---

مخلص ملاحظہ ہو، جوشِ بہار کا نقشہ کھینچ کر دکھاتے ہیں: ؎

ز فرطِ نشو و نما شاخ و گل بہم پیوست — چو لالہ سر کشد از شاخ تا جدا رکشد

زہے روانیِ طبع رواں کہ از یک حرف — سخن ز صحنِ گلستاں بشہر یار کشد

رات کو شعرا عالم کہتے آئے ہیں، اس میں مضمون آفرینی کی داد دی ہے: ؎

جز یکے خورشید، خورشیدے دگر پیدا نکرد — عمرہا بگزشت می گویند شب آبستن ست

آفتابِ دین و دولت شمعِ بزمِ علم و فن — نیست جز شاہِ دکن بر اہلِ عالم روشن ست

---

مدح میں مولانا محوی کا اسلوب شاید سب سے الگ نظر آئے گا۔
ایک ایک شعر سے بادشاہ کے ساتھ اُن کی مخلصانہ عقیدت تراوش کرتی ہے۔

عروج وزوالِ ملت کی تاریخ اُن کے سامنے ہے، درد سے دل لبریز ہے، سینے سے
نالے نکلتے ہیں اور ترکیب بند بن جاتے ہیں : ؎

چشمِ اسلام چو از خوابِ گراں بکشاید — چار سو بنگرد و لب بہ فغاں بکشاید
خویش را خوار چو در پنجۂ اعدا بیند — نظرِ یاس سوِ اُمتیاں بکشاید

اعلیٰ حضرت خلدہ اللہ تعالیٰ کو مخاطب فرماتے ہیں : ؎

گر جہاں را تو بہ آئینِ خرد خواہی داشت — سکۂ نامِ تو بر روئے زمیں خواہد شد
حیدرآباد بعہدِ تو اگر خواست خدائے — مرکزِ دائرۂ دولت و دیں خواہد شد

مولانا محوی کی یہ دعا قبول ہوئی، اعلیٰ حضرت کے فیض سے حیدرآباد
حقیقت میں "مرکزِ دائرۂ دولت و دیں" بن رہا ہے۔

چاروں بند عجیب شان رکھتے ہیں۔

صاف نظر آتا ہے کہ اخلاص مندی اُکساتی ہے اور حرفِ عقیدت زباں پر
لاتی ہے۔

استحکامِ سلطنت کے اصول بیان کرتے ہیں اور پھر جوش دلاتے ہیں : ؎

باید ایں کار بصد شوق و تولّا کردن — دل در و بستن و اسباب مہیا کردن
شہ نما آئنہ نیست بعالم شاید — سرفرو بردن و از خویش تماشا کردن

ناامیدوں کو ڈھارس دیتے ہیں : ؎

شاہ ما شیوۂ مردانِ جہاں نگزارد — ملک در پنجۂ بیدادگراں نگزارد
کشورے را بکفِ جور و جفا نپسندد — عالمے را بدمِ تیغ و سناں نگزارد
آں کہ دارد دلِ بیدار و سرپنجۂ قوی — قوم را خفتہ بایں خوابِ گراں نگزارد

انداز دعا ملاحظہ ہو: ؎

بفرّ و شوکت شاہانہ تا ابد باشی — ہمیں دعاست کہ من بندہ بار بار کنم
خدا کند کہ من اندر چگامۂ دیگر — ادائے تہنیتِ قبضۂ ہرار کنم

مقام دعا کی دل کشا ندرت دیکھئے: ؎

در حریم بندگی بہرِ دعا گویانِ شاہ — خود شگافِ سینہ محرابِ دعا آوردہ است

---

مولانا محوی کا کلام نہایت ممتاز خصائص کا جامع ہے۔

عرب میں ابن زیدون کا قصیدہ اسلامی سلطنتوں کی تاریخ مانا گیا ہے،
مولنا محوی کا کلام اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ کے عہدِ دولت کی ایک نہایت روشن تاریخ
ہے جس کے آئینہ میں اُن تمام ترقیوں کے جلوے نظر افروز ہوتے ہیں جن سے
اس عہد سعادت میں ملک و ملت کی شان بڑھی ہو، بیشتر قصائد تاریخی ہیں اور
بعض مثلاً: ؎

گیتی مراد از نہم ابر بہار یافت

ایک دل کش تاریخ کی حیثیت رکھتے ہیں جن میں ہر محکمے کی تصویر دکھائی ہو
اور منظر کی تصویر کھینچی ہے۔

جہاں جہاں موقع ملتا ہے ملک و ملت کو بیدار کرتے ہیں۔ غلو و اغراق سے
کلام پاک ہے۔

زبان عجمی اور خالص عجمی ہے مگر حقیقتاً عربی ہے۔ جو کہتے ہیں اسی اسلوب
میں کہتے ہیں کہ اعلیٰ حضرت پادشاہ اسلام کے زیر سایہ لوائے اسلام سر بلند ہو۔

انداز عبرت و پختگی و روانی و سلاست و شگفتگی ہیں سعدی سے اُن کو تشبیہ دی جا سکتی تھی، اگر سعدی یہ تعلیم نہ دیتے: ؎

اگر شہ روز را گوید شب ست ایں — بباید گفتن اینک ماہ و پروین

اب دیکھیے، مولانا محوی کیا تعلیم دیتے ہیں: ؎

شاہ را روشنگر ہر انجمن باید شدن — ہمچو جاں قوّت دہِ ہر عضوِ تن باید شدن
در رسومِ داوری چوں آفتابِ نیمروز — بر سرِ اہلِ جہاں پرتو فگن باید شدن
در تنِ ہر مملکت روح و روان علم ست و فن — پادشہ را سرپرستِ علم و فن باید شدن
گر تو خواہی خواجہ بر خلقِ خدا فرماں دہی — خود ترا فرماں پذیرِ ذوالمنن باید شدن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کو نصیحت سے تعبیر فرمایا ہے، یہی دینداری ہے جو ایک مخلص مسلمان کو عقیدت مندی کا حق ادا کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

ان قصاید کے بعد اگر دیوان غزل کی نوبت آئی تو اہلِ فن دیکھ لیں گے کہ خسرو کے عہد سے جس پختگی کی بنیاد پڑی تھی مولانا محوی ہیں وہ کس طرح پختہ تر ہو کر نمایاں ہو رہی ہے۔

فلسفے نے عالم کی ہر شے کو متحرک مانا ہے، فرماتے ہیں: ؎

تو ساکنی و ہمہ کائنات در سیر ست

نظیری کی غزل پر غزل کہی ہے جس میں ایک ایسا شعر کہہ گئے ہیں کہ ایک دیوان نثار ہے: ؎

جز بنا مت نشود مسجد و بت خانہ بنا — اے کہ صد مسجد و بت خانہ برانداختہٗ

میری رائے ناقص میں اگر فارسی کے نصاب درس میں یہ مجموعہ داخل کرلیا جائے تو ادب فارسی کی خوش بختی ہوگی۔ فارسی کے نقش و نگار اگرچہ مٹتے جاتے ہیں لیکن جو زبان ایسا نقشِ ادب رکھتی ہو، ایسے نگار خانۂ سخن پر چھا وی ہو، اُس کو مٹایا نہیں جا سکتا ؎

ہزار نقش تماشا شکستہ اند ہنوز
ہزار نقش تماشا ست چشمِ بینا را

(محوی)

عمادی

لیلۃ المعراج
۱۳۵۶ھ

# ھوالکافی

نخلِ تصویریم ما از برگ و بارِ ما مپرس    از خزانِ ما مگو وز نو بہارِ ما مپرس

زادگانِ سروراں، آزادگانِ بے نشاں    از نژادِ ما مجو ہم از دیارِ ما مپرس

نژاد اور دیار سے قطع نظر کر لینے کے بعد بھی اپنے اور ان نظموں کے متعلق جو ناظرینِ باتمکین کے ملاحظہ میں پیش کی جاتی ہیں، چند حرف عرض کرنے کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے۔

اس زمانہ میں جس طرح "منشی" اور "مولوی" کے الفاظ اپنے اصلی مفہوم سے منزلوں دُور جا پڑے ہیں، وہی حال لفظ "شاعر" کا ہے۔ ہم ہر ایسے شخص کو جو نثر کو کسی طرح بھی نظم کر لیتا ہے شاعر کہنے لگے ہیں، حالانکہ اس معزز لقب کے مستحق ہونے کے لئے اُن بہت سے اوصاف اور کمالات کی ضرورت ہے جن کے نام سے بھی اکثر لوگ واقف نہیں۔ نظامی عروضی جو تنقید شعر کے ایک

مستند ماہر مانے جاتے ہیں اپنی کتاب "چہار مقالہ" میں لکھتے ہیں کہ شاعر کو سلیم الفطرۃ، عظیم الفکرۃ، صحیح الطبع، جید الرویہ، دقیق النظر اور تمام علوم و فنون سے آگاہ ہو جانا لازم ہے کیونکہ شعر میں ہر علم و فن سے کام لینا پڑتا ہے اور شعر ہر علم و فن میں کام آتا ہے۔ شعر کا بڑا مقصد بقائے نام ہے اور یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ کسی شخص نے جوانی میں مشہور شعرا اور مستند ادبا کے بیس ہزار شعر اور دس ہزار نثر کے برجستہ فقرے از بر نہ کئے ہوں اور قدیم استادوں کے دیوان اس کی نظر سے نہ گزرے ہوں اور عروض و قافیہ اور نقد معانی و الفاظ، سرقات و تراجم کی کتابیں کسی معتبر استاد سے نہ پڑھی ہوں۔ اس معیار کے لحاظ سے میں اپنے آپ کو اس معزز طبقہ میں شمار کئے جانے کے قابل ہرگز نہیں پاتا۔ البتہ ٹوٹی پھوٹی نظم ضرور لکھ لیتا ہوں اور یہ شغل ایسے زمانہ سے جاری ہے جب کہ طالب علمی میں لکھنے پڑھنے اور ملازمت میں مختلف سرشتوں کے سرکاری کاموں سے سر اٹھانے کی بھی فرصت نہ ملتی تھی، مگر ان دونوں زمانوں کا سرمایہ، تمام تعلیمی اور کارگزاری کے اسناد، اہم کاغذات اور مختصر نقد و جنس کے ساتھ لکھنؤ کے قیام کے زمانہ میں چوروں کے نذر ہو گیا، جس پر آج تک کف افسوس ملتا اور عرفی شیرازی کی ہمنوائی کرتا ہوں ؎

عمر در شعر بسر کردہ و در باختہ ام

عمرِ در باختہ را بارِ دگر باختہ ام

عرفی پُرگو شاعر اور اس اتلاف کے وقت نوجوان تھا وہ اس حادثہ پر دل کو
اس طرح تسلّی دے لیتا ہے

گفتہ گو شد ز کفم شکر کہ ناگفتہ بجاست
از دو صد گنج یکے مشت گہر باختہ ام

مگر میرے لئے یہ تسلّی بھی مفقود ہے۔ اب جذبات میں نہ پہلا سا جوش و خروش
باقی ہے اور نہ طبیعت میں پہلی سی جولانی اور روانی۔ نہ وہ احباب ہیں اور نہ وہ
صحبتیں جو شعر و سخن کی محرک ہوتی تھیں، ان حالات میں تلافی مافات کی کیا امید
کی جاسکتی ہے۔

قدیم کلام کا جو حصّہ بعض بیاضوں اور پرچوں پر رہ گیا ہے وہ اس قدر
پراگندہ اور پریشان ہے کہ اس کا جمع کرنا اور ترتیب دینا خود شعر کہنے سے زیادہ
مشکل ہوگیا ہے۔ میرے ایک فرزند رشید احمد ایم اے، ایل ایل بی (علیگ) نے
کچھ کلام بہ مشکل جمع کرلیا ہے جو شاید کسی وقت طبع کے قابل ہوجائے۔ البتہ جو غزلیں
۱۳۳۷-۳۸ف میں عالی جناب سر مہاراجہ بہادر کشن پرشاد یمین السلطنت بالقابہ کے
مشاعروں کے لئے لکھی گئیں وہ ایک حد تک محفوظ ہیں۔ اگر یہ ادبی صحبت جاری
رہتی تو عجب نہیں کہ ضائع شدہ سرمایہ کی کچھ تلافی ہوجاتی، مگر اس صحبت میں بعض
حضرات کی سوء تدبیری سے کچھ ایسے لوگ شریک ہوگئے جو معاشرتی، اخلاقی اور
علمی تینوں حیثیتوں سے اس ادبی انجمن میں جگہ پانے کے مستحق نہ تھے۔ ان کے

ناشایستہ اعمال اور نازیبا حرکات کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ صحبت بہت جلد درہم و برہم ہو گئی اور اب کسی ایسی ادبی انجمن کے قیام کی بظاہر اُمید بھی نہیں کی جا سکتی ؎

درچمن از کہ مراعات ادب داری چشم
بلبلاں مست' صبا بے خود و گل بے پروا

کہتے ہیں کہ فارسی شاعری کی ابتدا قصیدہ سے ہوئی۔ اتفاق کی بات ہے کہ میں نے بھی نظم نویسی اسی صنف شعر سے شروع کی۔ علی گڑھ کالج کی بی اے کلاس کے فارسی نصاب میں قاآنی کے چند قصاید داخل تھے۔ مولانا شبلی فارسی کے پروفیسر تھے۔ مولانا مرحوم ان نادر الوجود استادوں میں تھے جو نہ صرف کسی مضمون کو پڑھا اور سمجھا دینے بلکہ اس مضمون کے ساتھ شاگردوں میں حقیقی دل چسپی پیدا کر دینے میں ملکہ رکھتے ہیں۔ مولانا مرحوم و مغفور کی دل چسپ اور موثر صحبت اور شاگردی کا یہ اثر ہوا کہ ہم میں سے بعض طلبہ فارسی میں ٹوٹی پھوٹی نظم لکھنے لگے اور سب نے قاآنی ہی کا طرز اختیار کیا۔ کالج سے نکلنے کے بعد بعض ساتھی تو شعر گوئی کی علت سے بالکل پاک اور صاف ہو گئے اور بعض نے فارسی چھوڑ کر اردو کی طرف توجہ کی اور اچھے شعر کہنے لگے۔ مگر میں اس علت کے قدیم جراثیم اپنے دماغ سے نکالنے میں آج تک کامیاب نہ ہو سکا۔ جب موقع ملتا ہے اور آب و ہوا موافق پاتے ہیں یہ جراثیم اُبھر آتے ہیں اور اسی زبان میں جس میں ساٹھ ستر برس پہلے ہمارے آبا و اجداد لکھتے پڑھتے تھے کچھ گرم و سرد

کہنے پر مجبور ہو جاتا ہوں۔ البتہ تجربہ نے اتنا ضرور بتا دیا ہے کہ قاآنی نے جس قدیم سبک (روش) کو زندہ کرنا چاہا اور نہایت کامیابی کے ساتھ زندہ کر دکھایا، اس کا تمام تر دار مدار صنعت ترصیع پر ہے اور یہ صنعت اگرچہ جڑاؤ زیور کی طرح نظر فریب اور خوش نما ضرور ہے مگر اندر سے پولی اور کھوکھلی ہے۔ مبصران فن اس نکتہ سے واقف ہیں کہ جب اس صنعت کے التزام کے ساتھ شعر کہا جاتا ہے تو بیت کا پہلا مصرعہ تو شاعر کے قابو کا ہوتا ہے، اس میں جو چاہے کہے مگر دوسرا مصرعہ اس کے قابو کا نہیں رہتا، اسے عام طور سے مصرعہ اول کے قالب میں ڈھالنا اور اسی کی صدائے بازگشت بنانا پڑتا ہے۔ میں اپنے ہی ایک قصیدہ کے جو ٹھیک پینتالیس سال قبل کا کہا ہوا ہے، چند اشعار بطور مثال پیش کرتا ہوں، جس سے میرا بیان غالباً زیادہ تر واضح ہو جائے گا ؎

چو دی روز خورشید سرزد ز خاور — در آمد غزال غزل خوانم از در

رہا کردہ بر تن دو گیسوئے مشکیں — فروہشتہ بر رخ دو زلفِ معنبر

دو تابندہ عارض دو مہرِ درخشاں — دو پیچیدہ کاکل دو پیچیدہ اژدر

بزیرِ دو اژدر دو مہرِ درخشاں — بروئے دو مہرِ درخشاں دو اژدر

دو چشمِ سیاہش دو جادوے فتاں — دو رنگیں لبانش دو لعلِ فسوں گر

بجائے دہن تعبیہ کردہ رمّاں — بجائے سخن عاریت کردہ شکّر

ہر بیت کا دوسرا مصرعہ ملاحظہ ہو، صاف نظر آتا ہے کہ اسے پہلے مصرعہ کے سانچہ میں ڈھالنے کی کوشش کی گئی ہے، جس سے ادائی مقصد کے میدان کا تنگ ہو جانا ایک لازمی اور لابدی امر ہے۔ قاآنی سا طباع، قادرالکلام اور ہمہ داں شخص اپنی طباعی، قادرالکلامی اور ہمہ دانی کے زور سے اس صنعت کے تمام مراحل خیر و خوبی کے ساتھ طے کر جاتا ہے مگر ایک ہندی نژاد مبتدی کے لیے اس راستہ پر چل چلنا سخت دشوار تھا۔ ہندی نژاد اور مبتدی تو ایک طرف خود ایران کے مستعد اہل زبان نے شعرائے طبقۂ متوسطین یعنی نظیری، شفائی، صائب، عرفی وغیرہ کا جادہ چھوڑ کر قاآنی کی روش اختیار کی اور شاہراہ سخن سے ایسے بھٹکے کہ جب تک پھر کوئی قاآنی سی زبردست ہستی ان کی رہنمائی نہ کرے ان کا صحیح جادہ پر آنا مشکل معلوم ہوتا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ جو طرز پہلے اختیار کیا گیا تھا اسے چھوڑ کر اب جو کچھ اور جب کبھی کہتا ہوں اس میں شعرائے طبقۂ متوسطین کی تتبع کی کوشش کرتا ہوں۔ اس فیضان اور تتبع کے سوائے فن شعر میں نہ کسی کا تلمذ رہا اور نہ اب ہے۔ البتہ صحبت ایسے بزرگوں سے رہی جو اس فن میں ممتاز اور سربرآوردہ سمجھے جاتے تھے۔ آنکھ کھول کر اپنے خاندانی بزرگوں مثلاً مولانا حاجی حکیم معصوم علی مسیح، منشی حافظ احسان علی فصیح، مولوی حکیم سرفراز علی زخمی کو دیکھا جو اپنے زمانہ کے مشہور سخن گو اور سخن شناس تھے اپنے آبا و اجداد مثلاً مولوی احمد علی احمد، مولانا مخدوم بخش بخشش اور

مولانا مہدی علی بسمل کا کلام سنا اور پڑھا۔ طالب علمی کے زمانہ میں مولانا محمد اسحٰق اسرائیلی، علامہ شبلی، مولانا حالی، میرزا محمد تقی کمال الدین سنجر اصفہانی کی صحبتوں سے فیض پہنچا۔ حیدرآباد میں سناد الملک[1] مولوی سید علی شوستری طوبیٰ مولوی فضل رب[2] عرشی قاآنی ہند، گرامی، ترکی، مولوی عبد الجبار خاں آصفی

[1] سناد الملک اعلی اللہ مقامہ میرے حال پر بطور خاص عنایت فرماتے تھے۔ ان کا جو عنایت نامہ آتا تھا اس میں کوئی قطعہ یا رباعی ضرور تحریر فرماتے تھے جو بطور مرحوم کی یادگار کے درج ذیل ہیں:

مسعود علی حبیب مسعود من ست ۔۔۔ ہم ذو قدیمی ست و مودود من ست
در ہر جائے کہ او ملاقات کند ۔۔۔ باللہ کہ آں مقام محمود من ست

دیگر

مسعود از ازل بہ علی شد سعادتت ۔۔۔ برماست ہمچو شمس نجابت نجادتت
اے آفریں بفطرۃ دصد مرحبا بخلق ۔۔۔ کز خلق احمدی ست ہمانا رشادتت

دیگر

مسعود علی کہ سعد بخشش اقبال بود ۔۔۔ انشاء اللہ فزونش اقبال بود
ہر کس کہ بدش گوید و بدخواہ وے ست ۔۔۔ در زیر سم سمند پامال بود

[2] مولوی فضل رب عرشی مرحوم قصبہ تاج پور ضلع اعظم گڑھ کے رہنے والے تھے۔ غیر معمولی طبیعت پائی تھی۔ قاآنی کے رنگ میں لکھتے تھے اور اس قابلیت اور قوت کے ساتھ لکھتے تھے کہ اعلیٰ سے اعلیٰ سخن شناس بھی ان کے اور قاآنی کے کلام میں تمیز نہیں کر سکتا تھا۔ ان کے انتقال کے بعد ان کا کل کلام ان کے شاگرد مظفر جنگ مرحوم نے غالباً طبع کرانے کے خیال سے منگا لیا تھا مگر خود ان کا انتقال ہوگیا اور اس طور سے ان کا تمام عمر کا سرمایہ ضائع ہوگیا۔ اگر وہ مل جائے تو اس کے طبع اور اشاعت کا انتظام ہو جانا با آسانی ممکن ہے۔ مرحوم نے اکثر نظمیں میرے لئے لکھی تھیں مگر وہ میرے پاس سے بھی ضائع ہوگئیں۔

مولانا عبدالغنی خاں غنیؔ مولوی محمد جعفر زہریؔ، حیدر یار جنگ طباطبائی مرحومین اور
علامہ عمادی اور نواب ضیاء یار جنگ بہادر ضیاؔ مدظلہما کے ساتھ شعر و سخن کے تذکرے
اور پر لطف صحبتیں رہیں۔ اسی میں اگر اعلیٰ حضرت خداوند نعمت بندگان عالی متعالی
نواب میر عثمان علی خاں آصف ہفتم خلد اللہ عمرہ و سلطنتہ سے خسرو اقلیم سخن کی نظر تربیت و
اصلاح اور عالی جناب سر مہاراجہ بہادر کشن پرشاد یمین السلطنتہ دام اقبالہ سے
کہنہ مشق سخن گو اور سخن شناس کی دل افزائیوں کا اضافہ کر لیا جائے تو میرے
مختصر سرمایۂ استعداد کا سرسری اندازہ ہو جائے گا۔ باوجود اس کم بضاعتی اور
کم استعدادی کے اعلیٰ حضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کی مسند نشینی کے
وقت سے اس وقت تک ذات ہمایونی کی مداحی اور دعاگوئی کا شرف حاصل
کرتا رہا ہوں اور اس لحاظ سے شاید میرا یہ دعویٰ غلط نہ ہو کہ میں سرکار کا
قدیم ترین مداح اور دعاگو ہوں۔ میری مداحی ذات شاہانہ کے حقیقی اوصاف کے
اظہار کی غیر کافی کوشش اور میری دعاگوئی حضرت اقدس کے بے شمار الطاف کی
ناتمام شکرگزاری ہے۔ میں نے جو مدح کی ہے اسے حتی الامکان مبالغہ کی رنگ آمیزی
اور غلو کی نقش پردازی سے دور رکھا ہے۔ میں نے قدیم شاعروں کی طرح ممدوح کے
تیغ و سناں، پیل و اسپ، کاخ و ایوان، باغ و بستان کی تعریف کرکے کلام کو زینت
دینے کی کوشش نہیں کی اور نہ مجھے اس کی ضرورت تھی، کیونکہ خداوند تعالیٰ نے
اپنے فضل و کرم سے ممدوح کی ذات بابرکات میں اتنے صفات جمع کر دیئے ہیں کہ

انہیں کے اظہار سے کسی مداح کا عہدہ برآ ہونا دشوار ہے۔ اسے فرضی خوبیوں کی تلاش یا حقیقی اوصاف میں مبالغہ کی حاجت ہی نہیں ہوتی۔ اسی لحاظ سے میں نے ایک قصیدہ میں عرض کیا ہے ؎

منکر، گماں مبر کہ نہنگِ مبالغہ | در بحرِ مدح پائے ثنا ور گرفتہ است
ہر انچہ گفت محوی آزادہ دیدہ گفت | بر ناطقہ زباصرہ محضر گرفتہ است

میں نے جو کچھ عرض کیا ہے وہ ذات ہمایوں کی دادگستری، علم دوستی، معارف پروری، غریب نوازی، سیاست دانی، فیض رسانی، سادہ زندگی، اصلاح معاشرت، تزئین مملکت، سخن گوئی، سخن فہمی کی حقیقی تعریف و توصیف ہے، جس سے کوئی انصاف پسند شخص انکار کی جرأت نہیں کرسکتا۔ اعلیٰ حضرت کا کلام بلاغت نظام وقتاً فوقتاً مقامی اور بیرونی اخباروں اور رسالوں میں شائع ہوتا رہتا ہے، جس سے ہر سخن فہم اور سخن سنج اس کی لطافت، فصاحت اور بلاغت کا خود اندازہ کرسکتا ہے۔ مگر سخن فہمی اور سخن سنجی کا حال وہی لوگ جانتے ہیں جنھیں حضرت کی پیشگاہ میں کسی نظم کے پڑھنے کی عزت حاصل ہوئی ہے جو لوگ اس عزت سے شرف یاب ہوئے ہیں وہ اس کا اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ نظم میں کوئی اچھا شعر ایسا نہیں ہوتا جس پر حضرت کی دقیقہ رس نظر نہ پڑے اور اس کی معقول داد نہ ملے۔ جن اشعار پر اعلیٰ حضرت شعرا کی دل افزائی اور تحسین فرماتے ہیں وہ فی الحقیقت تمام نظم کی جان ہوتے ہیں۔

قدیم سے یہ بحث چلی آتی ہے کہ شعر گوئی مشکل ہے یا شعر فہمی، فانی کشمیری سے (جن کو غنی کی استادی کا ادعا اور غنی کو اس سے انکار تھا) کسی شخص نے یہی سوال کیا تھا، اس کے جواب میں فانی نے اپنا یہ شعر پڑھا ؎

بس کہ نا فہمیدہ نتواں یک سخن فہمیدہ گفت
شعر گفتن پیش شاعر بہ ز فہمیدن بود

اسی مضمون کو ملک الشعرا کلیم نے بہتر طریقہ سے ادا کیا ہے وہ کہتے ہیں ؎

کس بجز شاعر تلاش ما نمی فہمد کلیم
شعر فہماں جملہ صیاد اند صید بستہ را

ذات ہمایوں میں چونکہ سخن گوئی اور سخن فہمی کے دونوں اوصاف جمع ہیں اس لئے ہر سخن گو اپنی کاوش اور محنت کی پوری داد پاتا ہے اور غیر پیشہ ور شاعر کے لئے سب سے بڑا یہی صلہ ہو سکتا ہے۔

اس مختصر معروضہ کے بعد مجھے صرف یہ بتانا رہ جاتا ہے کہ فارسی ادبیات کے ان بیش بہا جواہر کی موجودگی میں جن کا مقابلہ دنیا کا کوئی ادبی خزانہ نہیں کر سکتا اس محقر اور مختصر بضاعت کو اس کساد بازاری کے زمانہ میں معرض نظر میں لانے کی ضرورت کیوں اور کس طرح واقع ہوئی حقیقت حال یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت کے بست و پنج سالہ جشن جلوس کی خوشی سے رعایا کا ہر طبقہ اور ہر طبقہ کا ہر فرد بشر متاثر اور مسرور ہے اور چاہتا ہے کہ اس موقع پر اپنی عزیز سے عزیز چیز اپنے

رعایا پرور بادشاہ کے نذر کرنے کی عزت حاصل کرے۔ میرے پاس بجز دعا اور ثنا کے اور کیا تھا اس لئے میں نے اسی حقیر بضاعت کو بامید شرف قبول پیش کرنے کا تصفیہ کیا۔ علاوہ اس کے پیش گاہ حضرت خداوند نعمت سے دو مرتبہ بہ نظر دل افزائی ارشاد ہو چکا ہے کہ تمھارا جو کچھ کلام دست برد زمانہ سے باقی رہ گیا ہے اس کی طباعت اور اشاعت کا انتظام اپنی زندگی میں کرلینا چاہیئے ورنہ شاعر کے مرنے کے بعد اس کا کون خیال کرتا ہے۔

خداوند عزوجل اپنے فضل و کرم سے اعلیٰ حضرت بندگان عالی کی عمر و صحت اور اقبال و دولت میں روزافزوں ترقی عطا فرمائے جن کے جشن جوبلی اور اس کریمانہ اور حکیمانہ ارشاد کی بدولت مجھے ان چند مدحیہ قصائد کی طباعت اور اشاعت کی توفیق ہوئی وگرنہ میرا ہمیشہ سے یہ مسلک رہا ہے ؎

عمل بیار علم بر مکن کہ مردم را
رہے سلیم تر از راہ بے نشانی نیست

خاکسار
مسعود علی محوی، بی اے (علیگ)
سابق سشن جج
حیدرآباد (دکن) ۱۳۵۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نظم نشان (۱)

## کہ حسب فرمائش عالی جناب شہاب جنگ مختار الدولہ افتخار الملک مرحوم سابق معین المہام کوتوالی و تعمیرات عامہ - بہ تقریب رونق افروزی اعلیٰ حضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی - بہ قیام گاہ عالی جناب موصوف بمقام نار ین مرتب شد ۱۳۳۱ف[1]

## بند اوّل

| | |
|---|---|
| روزے ایں شاہ نشیں شاہ نشیں خواہد شد[2] | با تو اے خواجہ بگفتم کہ چنیں خواہد شد[3] |
| مرحبا اہلاً و سہلاً شہ خورشید کلاہ | کز قدوم تو زمیں چرخ بریں خواہد شد |

[1] یہ نظم جس موقع کے لئے لکھی گئی تھی بعض وجوہ سے اس موقع پر نہ پڑھی جا سکی - ۲۹ رجب ۱۳۳۶ھ کو ایک جلسہ "طبقۂ خدام علم" کی طرف سے سال گرہ مبارک کی تقریب میں بصدارت عالی جناب سر مہاراجہ بہادر یمین السلطنت دام اقبالہ فتح میدان کی عمارت میں منعقد ہوا تھا، اس میں یہ نظم پہلی مرتبہ پڑھی گئی - عالی جناب سر مہاراجہ بہادر اور جناب عماد الملک مرحوم مغفور نے جن الفاظ میں میری دل افزائی فرمائی وہ اس قدر تعجب انگیز نہ تھی جتنی سر افسر الملک مرحوم کی قدردانی جلسہ برخاست ہونے کے بعد سر افسر الملک میرے پاس تشریف لائے اور مصافحہ کر کے فرمایا کہ "میں نہیں سمجھتا تھا کہ اب بھی ہم لوگوں میں فارسی میں ایسے شعر کہنے والے لوگ موجود ہیں" دوسرے دن مجھے چائے پر بلایا اور پھر یہ نظم سنی اور دیر تک مولانا شبلی مرحوم وغیرہ کا ذکر کرتے رہے

[2] ایک بلند مقام سرکار کی رونق افروزی کے لئے تیار ہوا تھا، اسی کو "شاہ نشیں" سے تعبیر کیا ہے -

[3] شہاب جنگ مرحوم کی طرف سے دعوت کا معروضہ پیش ہوا تھا بعض لوگوں کا خیال تھا کہ سرکار اسے منظور فرما کر تشریف فرما ہوں گے بعض لوگ اس کے خلاف تھے - مجھ سے دریافت کیا گیا تو میں نے کہا کہ سرکار ضرور تشریف فرما ہوں گے - اسی طرف اشارہ ہے

کاخ و کاشانہ ز فرتابِ نظر خواہد تافت　　بام و در ضو فگن از نورِ جبیں خواہد شد
از جمالت چو مکاں کسبِ ضیا خواہد کرد　　از جلالت شرف اندوز مکیں خواہد شد
تابشِ مہر بیک ذرّہ نخواہد کاہید　　ذرّہ رخشندہ تر از ماہ مبیں خواہد شد
گر جہاں را تو بہ آئین خرد خواہی داشت　　سکّۂ نام تو بر روئے زمیں خواہد شد
چرخ بے دام و درم بندہ صفت خواہد گشت　　ملک بے چون و چرا ملکِ یمیں خواہد شد
حیدرآباد بعہدِ تو اگر خواست خدائے　　مرکزِ دائرۂ دولت و دیں خواہد شد
پردہ از عظمتِ غرناطہ بخواہد افتاد　　قصّۂ شوکتِ بغداد یقیں خواہد شد
صولتِ غزنی و دہلی و بخارا و دمشق　　ہست افسانہ کہ با عقل قریں خواہد شد

کار سخت ست سرانجام کماہی نشود
تا بروصرف ہمہ ہمّتِ شاہی نشود

## بند دوم

باید ایں کار بصد شوق و تولّا کردن　　دل دراو بستن و اسباب مہیّا کردن
از پے عدل کمر بستن و محکم بستن　　وعدۂ رفعِ ستم کردن و ایفا کردن
چشم بر قول کہ "الناس علیٰ دینِ ملوکہمْ"　　تا تواں مشربِ خود پاک و مصفّا کردن
شہ کہ آئینۂ نیست بعالم، باید　　سر فرو بردن و از خویش تماشا کردن
قوم را آب ز سرچشمۂ حیواں دادن　　ملک را زندہ باعجازِ مسیحا کردن
رایتِ فضلِ نگوں گشتہ، ببالا بردن　　دفترِ علم پراگندہ بیک جا کردن

بہرِ ترویجِ فنون و پئے تکوینِ ہنر — مقدمِ اہلِ کمالات تمنّا کردن

بذل و امساک ز کہسار بباید آموخت — قطرہ قطرہ بہم آوردن و دریا کردن

زیستن طفل صفت پاک ز آلایشِ دہر — رائے چوں پیر زدن کار چو برنا کردن

جہدہا کردن و لیکن پئے مشکوریِ جہد — تکیہ بر لطفِ خداوندِ تعالیٰ کردن

آنکہ بے ہمّتِ او جہد بجائے نرسد
حلِّ مشکل نہ شود برگ و نوائے نرسد

## بند سوم

چشمِ اسلام چو از خوابِ گراں بکشاید — چار سو بنگرد و لب بفغاں بکشاید

خویش را زار چو در پنجۂ اعدا بیند — نظرِ یاس سوئے اُمّتیاں بکشاید

کیست آں مرد کہ از ملّتِ بیضائے رسول — دستِ شر بندد و آغوشِ اماں بکشاید

کیست آں رستمِ دوراں کہ پئے شاہِ عرب — ہفتخوانِ ستمِ دورِ زماں بکشاید

کیست آں مہدیِ موعود کہ در آخرِ عہد — پرچمِ دیں ز کراں تا بکراں بکشاید

تیغ با کلک نگیں را بہ علم باید داشت — تا بدیں فضل و ہنر باز جہاں بکشاید

تا زمانہ دگر از طعنہ زباں بر بندد — تا دگر چرخ ز آزار میاں بکشاید

تا رخِ غوطہ[1] دگر بار بتابد چو چمن — تا سرِ دجلہ[2] دگر آبِ رواں بکشاید

[1] غوطہ سوادِ دمشق کی ایک مشہور نزہت گاہ تھی جو قدیم زمانہ میں دنیائے اسلام کے عجائبات میں شمار ہوتی تھی
[2] دجلہ وہ دریا ہے جس نے صدیوں عباسیان بغداد کی شان و شوکت کا تماشا دیکھا اور خود ان تماشوں میں شریک رہا ہے۔ شعر کا مقصد یہ ہے کہ اسلام کی قدیم عظمت اور بزرگی پھر عود کر آئے۔

راست گویم که دعا از دل خوں گشتهٔ قوم | ہیچو تیرے ست که از سخت کماں بکشاید

مفتیِ شہر ندانم که چنیں بے خبر است
باتو ای شاہ که گفت است؟ دعا بی اثر است

## بند چہارم

اجرا ایں کار زدا رائے جہاں خواہی دید | خلق آسودہ در آغوشِ اماں خواہی دید
دستِ "دستور" ہمہ گیر و قوی خواہد شد | بازوے "قاعدہ" با تاب و تواں خواہی دید
فتنہ را بستهٔ زنجیرِ بلا خواہی یافت | ظلم را کشتهٔ شمشیرِ زیاں خواہی دید
داد را پایہ و مقدار اگر خواہی داد | ملک را پاک ز بیدادگراں خواہی دید
از مسیحا نفسے گر تو دمے خواہی زد | قالبِ قوم نہ بے روحِ رواں خواہی دید
ہر چہ در فہم نہ آید بجہاں خواہد شد | آنچہ در وہم نگنجد بہ عیاں خواہی دید
از دعائے کہ بہ ہر صبح ہزاراں گویند | اے گلِ تازہ نہ آسیبِ خزاں خواہی دید
ابتدائے شرف و عزت و شان ست ہنوز | شادماں باش بسے عزت و شاں خواہی دید
محویا شاہ خریدارِ ہنر گشت و کنوں | نرخِ ایں جنس ببازار گراں خواہی دید
بہ مثل گر تو کلیمی[1] بہ سخن آرائی | شاہ را ہم بعطا شاہجہاں خواہی دید

شاہ چوں صیرفیاں عیب و ہنر می سنجد
باش یک چند ترا نیز بزر می سنجد

---

[1] کلیم ہمدانی عہد شاہجہانی کا ملک الشعرا تھا۔ ایک سال نوروز اور عید شوال ایک ہی دن واقع ہوئی۔ اسی دن بادشاہ نے کشمیر کے سفر سے واپس آکر تختِ طاؤسی پر جلوس فرمایا تھا (بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۵)

# نظم نشان (۳)

## کہ بپاے سر بلند جنگ مرحوم و مغفور سابق میر مجلس عدالت عالیہ سرکار عالی نوشتہ شد

یہ نظم سر بلند جنگ مرحوم و مغفور کے بڑے اصرار سے لکھی گئی تھی۔ اس زمانہ میں سر بلند جنگ مرحوم عدالت عالیہ سرکار عالی کے میر مجلس اور میں معتمد مجلس تھا۔ خیال یہ تھا کہ جب ہائی کورٹ کی جدید عمارت جس کے متعلق مجلس موصوف کے تمام عہدہ دار غیر معمولی دل چسپی کا اظہار کر رہے تھے بن کر تیار ہو تو اس کے افتتاحی جلسہ میں یہ نظم پڑھی جائے، مگر افسوس ہے کہ ان کی یہ تمنا پوری نہ ہو سکی۔ جس وقت اس عمارت کے افتتاحی جلسہ کی نوبت آئی، نہ وہ میر مجلس تھے اور نہ میں معتمد مجلس؛ ایک الہ آباد میں مجبور اور دوسرا لکھنؤ میں مہجور تھا۔ افتتاحی جلسہ کی خبر سن کر میں نے اس کی ایک نقل حضرت بندگان عالی مدظلہ العالی کے ملاحظہ میں گزراننے کے لئے اپنے ایک دوست کے پاس بھیج دی تھی مگر جہاں تک معلوم ہوا وہ پیش نہ کر سکے۔ جب مجھے

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴) اس موقع پر کلیم نے ایک قصیدہ سنایا جس کا مطلع یہ ہے ؎

خجستہ مقدم نوروز و غرۂ شوال

فشاندہ اند چہ گلہائے عیش بر سر سال

شاہجہاں نے قصیدہ سن کر حکم دیا کہ کلیم چاندی میں تول دیا جائے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کلیم بہت دبلا پتلا آدمی تھا، ساڑھے پانچ ہزار روپے سے زیادہ نہ لے سکا۔ دینے کا طریقہ تھا جس سے یہ قصہ آج تک مشہور چلا آتا ہے، ورنہ دور کیوں جائیے، خاندان آصفیہ کے فرماں رواؤں نے اس سے بہت زیادہ مقدار میں شعرا کو انعام دیئے ہیں۔ حضرت غفران مکان (میر محبوب علی خاں مرحوم و مغفور) نے داغ مرحوم کو یکمشت اسّی ہزار روپے عنایت فرمائے۔

یہ کیفیت معلوم ہوئی تو میں نے ڈاک کے ذریعہ سے براہ راست حضرت اقدس و اعلیٰ کی پیشگاہ میں ایک نقل گزرانی ۔ یہ نظم بھی میرے دوسرے کلام کے ساتھ لکھنؤ میں ضائع ہو گئی تھی ایک دوست کی بیاض سے نقل کی جاتی ہے:-

## بند اوّل

پیک می آید و ہر لحظہ خبر می آید  شاہ می آید و با شوکت و فر می آید

چشم خلق ست ہمہ شوق کہ در معرض دید  مردم دیدۂ ارباب نظر می آید

میر عثمان علی خاں شۂ صدیق نشاں  با علوم علی و عدلِ عمر می آید

میر رسد گرم عناں بہر دل افزائی عدل  وز پے رفع ستم بستہ کمر می آید

می کشاید درِ ایوانِ عدالت کہ ازاں  خانۂ جور و جفا زیر و زبر می آید

می دہد آب بگلزارِ عدالت کہ ازاں  شاخِ امیدِ خلائق بہ ثمر می آید

فضل را مژدہ کہ امروز بہ جمعِ فضلا  جامع فضل و کمالات و ہنر می آید

می سپارد رہِ دلجوئی مخلوقِ خدا  بر نشانِ قدمِ جدّ و پدر می آید

ہر خیالے[۱] کہ پدر بست پسر کرد تمام  از پدر انچہ نیامد ز پسر می آید

از ازل رسم ہمین ست دریں دیر دو در  مہ چو در پردہ رود مہر بدر می آید

قسمتِ ملک ازیں بہ چہ تواند بودن  ہر یکے کار کیا[۲] بہ ز دگر می آید

[۱] ہائی کورٹ کی تعمیر اعلیٰ حضرت میر محبوب علی خاں غفراں مکاں کے عہد میں شروع ہو چکی تھی مگر تکمیل کی نوبت نہ آئی تھی کہ حضرت موصوف انتقال فرما گئے۔ [۲] بادشاہ، فرماں روا۔

عدل و انصاف بہ ہر دور فزوں می گردد
جور و بیداد بہ ہر روز زبوں می گردد

## بند دوم

عیش آساں نشود، امن ہویدا نشود — تا پئے دادگری ساز مہیا نشود
از ضعیفاں نشود دستِ تطاول کوتاہ — تا دل و بازوی انصاف توانا نشود
پادشاہے نکند شیوۂ انصاف پسند — تا بہ فضلِ خداوند تعالیٰ نشود
تا بہ ارکانِ عدالت ندہند آزادی[1] — کار ایں محکمہ شایستہ و زیبا نشود
رائے انصاف چو آزاد نباشد عجب است — گر ہمہ ملک پُر از شورش و غوغا نشود
قاضیاں گر بہ ہراسند ز بہمان و فلاں — ہرگز انجام زِ شاں کارِ قضایا نشود
مطمئن گر نہ بود خاطرِ قاضی از فکر — مطمئن ہر مجلسِ ملک و رعایا نشود
نشود فصل قضایا چو بآئین درست — صورتِ امن و اماں قائم و پیدا نشود
نائب پادشہ و خادم شرع اند قضاۃ — خدمتِ ملک ازیں برتر و بالا نشود
کاتب و حاجب و درباں ہمہ خدام شہ اند — ہر درخشندہ مگر[2] لولوئے لالا نشود

[1] یہ وہ زمانہ تھا کہ مجلس عدالت عالیہ کو کوتوالی اور خصوصاً کوتوالی بلدہ کے حد سے بڑھے ہوئے اقتدارات کی وجہ سے مقدمات کے بے لاگ تصفیہ میں بے حد دقتیں پیش آتی تھیں اور لوگوں پر بے حد سختیاں گزرتی تھیں۔ الحمد للہ اس زمانہ میں ان نقائص کی بڑی حد تک اصلاح ہو گئی ہے۔

[2] میں نے اپنی نظموں میں بعض مغربی خیالات اور مثلوں کی ترجمانی کی کوشش کی ہے، جن میں سے ایک یہ ہے۔ انگریزی مثل ہے All is not gold that glitters

کارِ ہر عضو بدیوانِ بدن مخصوص ست　　نطق شنوا نشود، سامعہ گویا نشود

اندریں نکتہ کہ نغز ست نظر باید کرد

قدرِ ہر بندہ بمقدارِ ہنر باید کرد

## بند سوم

شاہِ ما شیوۂ مردانِ جہاں نگزارد　　ملک در پنجۂ بیدادگراں نگزارد

کشورے را بکفِ جور و جفا نپسندد　　عالمے را بہ دمِ تیغ و سناں نگزارد

بر ضعیفانِ ستم کش نہ گمارد ظالم　　گرگ را بر سرِ ایں گلہ شباں نگزارد

دید از غصہ و غم شور بعالم برخاست　　خواست از ظلم و ستم نام و نشاں نگزارد

"داد"[۱] آوارہ و سرگشتہ بگردید بسے　　عزم فرمود کہ زیں پیش چناں نگزارد

"داد" را داد چنیں قصرِ معلیٰ کہ بہ لطف　　نام در دہر ز فردوس و جناں نگزارد

گفتم اے "داد محل"[۲] خیز و نظر کن چمنے　　کہ بہارش چمن آرا بخزاں نگزارد

---

۱؎ مجلس عدالت عالیہ کے لئے ایک زمانہ دراز سے کوئی موزوں اور مناسب مکان موجود نہ تھا۔ میری معتمدی کے زمانہ میں مجلس قدیم عمارت سے جو شاہی عاشور خانہ کے محاذی واقع تھی سر آسمان جاہ مرحوم کے خانہ باغ' اور خانہ باغ باغ عامہ اور باغ عامہ سے نواب سالار جنگ بہادر کی بارہ دری میں منتقل ہوئی' اسی بنا پر "داد" کو آوارہ اور سرگشتہ کہا گیا ہے۔ ۲؎ جہاں اب ہائی کورٹ تعمیر ہوئی ہے' وہاں قطب شاہیوں کے زمانہ میں ایک عالی شان عمارت تھی جو "داد محل" کے نام سے موسوم کی جاتی تھی۔ خاندان قطب شاہی کے فرماں روا اسی عمارت میں مقررہ ایام اور اوقات پر اجلاس کرتے اور رعایا کی فریاد سنتے تھے۔ ہائی کورٹ کی تعمیر کے وقت اس محل کی بنیادوں کے بڑے بڑے پتھر برآمد ہوئے تھے جو اپنے بانیوں کی عظمت اور دنیا کی بے ثباتی کی داستان سناتے تھے۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ محل بھی دوسری شاہی عمارتوں کے ساتھ موسیٰ ندی کی ایک طغیانی میں تباہ ہوا تھا۔

گفت خامش که درین دائرهٔ نقص و زوال
هیچ جز نام نکو دورِ زمان نگزارد

می برد دُرد جشنی صاف کشی می آرد
خالی این میکده را پیرِ مغان نگزارد

آنکه دارد دلِ بیدار و سرِ پنجهٔ قوی
قوم را خفته باین خوابِ گران نگزارد

بحث و تکرار به تاثیرِ دعا بے سود است
رسم خود محویِ آشفته بیان نگزارد

کارِ این شاهِ فلک مرتبه با آئین باد
"این دعا از من و از روح امین آمین باد"

## نظم نشان (۳)

### به تهنیت سال گره مبارک بر مصرعه طرح فرموده سرکار دام اقباله سنه ۱۳۴۴ ف

ع "ز اهلِ درد شنو قصهٔ زلیخا را"

بیا به بزم و بده جلوه روئے زیبا را
ببر ز خاطرِ ما حسرتِ تماشا را

بیادِ روئے تو تسکینِ دل توان کردن
ولے چه چاره کنم چشمِ ناشکیبا را

ز بختِ خویش چه گویم که سجدهٔ درِ تو
بسانِ حرفِ غلط محو کرد سیما را

به تنگیِ دل و وسعِ خیالِ حبیب نازم
بقطره چون بهم آورده اند دریا را

هزار رنگ تماشا شکسته اند و هنوز
هزار رنگ تماشاست چشمِ بینا را

امید و یاس تو ساقی دلاں چه می پرسی
گزشته اند ز دل نقش هر تمنا را

مکن هوس که رسی تا حریمِ کعبهٔ دل
نکرده طے سفرِ جان گدازِ صحرا را

بکوئے دوست بہ ہر خطوہ ہست جائے نماز — بخاکِ کعبہ چہ می گستری مصلّا را

تفاوتے نکند شاہدِ عشق در زن و مرد — بیک کمند کشد وامق و زلیخا را

درین زمانہ اگر کس رہِ وفا پرسد — نشاں دہند باو آشیانِ عنقا را

سبک گذشت ہر آں مردِ عاقبت اندیش — کہ ہر چہ یافت ز دنیا بداد دنیا را

نشستنِ منِ بیچارہ از قناعت نیست — ز بس دویدہ ام و رنجہ کردہ ام پا را

نوائے تازہ سرایم بایں دلے کہ کشم

زچار سوئے چمن بلبلانِ شیدا را

بیا ز حجلہ برون جانِ من تماشا را (مطلع) — کہ رشکِ باغِ جناں کردہ اند دنیا را

کشید ابر بسر سائبانِ استبرق — فگند سبزہ بہ ہر سو بساطِ دیبا را

ز فرطِ نشو و نما نامیہ برابر کرد — بلند و پست و نشیب و فرازِ صحرا را

برائے بادہ کشی رعد می زند ہر دم — صلائے عام حریفانِ بادہ پیما را

ز جاں فزائیِ بادِ بہار بارِ دگر — بچشم دید جہاں معجزاتِ عیسیٰ را

نسیمِ صبح[ل] چو برشتۂ آب نم وزید — نگار خانۂ چیں کرد روئے دریا را

گرفتہ اند ز شاخِ درخت و سبزۂ تر — مذکّرانِ چمن منبر و مصلّیٰ را

بمقصد آنکہ چو محوی کنند ورد زباں — دعائے دولت و اقبالِ شاہِ والا را

جہان عدل کہ در روزگارِ معدلتش — زمانہ کرد فراموش عدلِ کسریٰ را

ل اس دل فریب منظر کا صحیح تصور وہی لوگ کر سکتے ہیں جنھوں نے سکون کی حالت میں سمندر کو دیکھا ہے ۱۲

| | |
|---|---|
| مدبرے کہ بہ تدبیرِ عقل و حسنِ عمل | فزود فرّہ و فرہنگِ دین و دنیا را |
| شہے کہ کرد مسخّر بزورِ تیغِ قلم | زمینِ شعر و سخن، ملکِ لفظ و معنی را |
| سخنورے کہ بہنگامِ گلفشانیِ او | ببست بلبلِ گویا زبانِ دعویٰ را |
| عطائے بے حدِ او بہرِ نشرِ علم و ہنر | زیادہ بود عطاہائے معن[1] و یحییٰ[2] را |
| سحابِ درر سِ فیضِ او نہ تشنہ گذاشت | زمینِ یثرب و خاکِ دیارِ بطحیٰ را |
| سمائے رحمتِ عامش ہمی کند سیراب | مجاورانِ حسین و علی اعلیٰ را |
| بجنبِ پستیِ دین پروری ز دستِ نداد | وقارِ پیشروان و شعارِ آبا را |
| ز صلحِ کل کرد سروران آزادست | نمود دور پراگندگیِ اجزا را |

[1] ابوالولید معن بن زایدہ عرب کے مشہور سرداروں میں تھا۔ اس کی جواں مردی، فیاضی اور معارف پروری کے سیکڑوں قصے مشہور ہیں۔ اس کے مرنے پر جتنے مرثیے لکھے گئے شاید ہی کسی امیر کے مرنے پر لکھے گئے ہوں۔ مروان بن ابی حفصہ اس کے خاص مداح کے مرثیے کے اس شعر کو تاریخی شہرت نصیب ہوئی ؎

وقلنا این ترحل بعد معن ٭ وقد ذهب النوال فلا نوالا

اور ہم (شعراء) نے کہا کہ معن کے بعد کہاں جائیں، حقیقت یہ ہے کہ داد و دہش کا خاتمہ ہو گیا، اب داد و دہش کہاں ہے۔ یہ درد انگیز اور موثر شعر اس قدر مشہور ہوا کہ چھوٹے بڑے، امیر غریب سب کی زبانوں پر جاری ہو گیا۔ مروان جب مہدی عباسی کے دربار میں اس کی مدح میں قصیدہ پڑھ کر انعام کا متوقع ہوا تو مہدی نے کہا کہ تم خود کہہ چکے ہو کہ معن کے بعد داد و دہش کا خاتمہ ہو گیا، اب داد و دہش کہاں ہے۔ اس سال مروان کو دربار سے ناکام واپس جانا پڑا۔ دوسرے سال مروان پھر آیا اور اپنا قصیدہ پڑھنا شروع کیا۔ مہدی نے تھوڑا سا سن کر دریافت کیا کہ تمہارے قصیدہ کے کتنے شعر ہیں۔ مروان نے عرض کیا، ایک سو۔ مہدی نے حکم دیا کہ اس کو فی شعر ایک ہزار درہم دیئے جائیں۔ کہا جاتا ہے کہ عباسی عہد حکومت میں یہ ایک لاکھ درہم کا پہلا انعام تھا (ابن خلکان)۔

[2] یحییٰ برمکی ہارون رشید عباسی کا عالم فاضل اور فیاض وزیر اور فضل اور جعفر سے مشہور بیٹوں کا باپ تھا۔

یگانۂ کہ ز بیگانگی نشاں نگزاشت | کشاد بر رخِ ہر کس درِ تولّا را
با و شرف ز نشان و نگین و تمغا نیست | شرف از او ست نشان و نگین و تمغا را

بیانِ مدح تمامش نہ حدّ امکان ست
بہ بند محویِ ناداں زبانِ گویا را

برائے نذرِ تو شاہا سخنورانِ کہن | سپردہ اند بمن بندہ ایں گہرہا را[1]
(حافظ) صبا بہ لطف بگو آں غزالِ رعنا را | کہ سر بکوہ و بیاباں تو دادۂ ما را
(فیضی) تو اے کبوترِ بامِ حرم چہ میدانی | تپیدنِ دلِ مرغانِ رشتہ بر پا را
(صیدی) اُمیدِ وصل ندارم بدوستی سوگند | اسیرِ عشق نمی داند ایں تمنّا را
(ظہیر فاریابی) جزائے حسنِ عمل بیں کہ روزگار ہنوز | خراب می نکند بارگاہِ کسریٰ را
(نظیری) ز نقطہ حرف شناسانِ کتاب داں شدہ اند | بچشمِ کم منگر نقطۂ سویدا را
(غالب) فروختیم متاعِ سخن بدیں فریاد | کہ قدردان شناسندگانِ کالا را

بصورتیکہ تو خواہی و نیک خواہانت
(سلمان)
ہزار سال بمانی ہزار معنیٰ را

---

[1] اس قافیہ اور بحر کے جو بہترین اشعار اساتذۂ قدیم کے میری نظر سے گزرے وہ اہل ذوق کی تفریحِ طبع کے لیے یہاں بطرز مناسب پیش کر دیئے گئے ہیں ۱۲

# نظم نشان (۴)

## بہ تقریب سال گرہ مبارک ۱۳۴۰ھ

قصد مقام صبر و رضا کردہ ایم ما — بر ہر عطائے دوست دعا کردہ ایم ما

آوردہ ایم ہدیہ بہ ہر ناز او، نیاز — بر ہر ادائش شکر ادا کردہ ایم ما

ناموس خانوادہ و عزّ و وقار علم — بر دوست ہرچہ بود فدا کردہ ایم ما

اقرار بے گناہیِ خود، جز گناہِ عشق — با صد ہزار صدق و صفا کردہ ایم ما

ہاں سرخوشی و رندی و مستی و عاشقی — این جملہ کردہ ایم و بجا کردہ ایم ما

جشنِ ولادتِ شہِ عثماں علی ست، باز — ہنگامۂ نشاط بپا کردہ ایم ما

سرمستِ عشرتیم و مے خوش گوار عیش — با نائے و چنگ بذل و سخا کردہ ایم ما

بے مایہ بود واعظ خودسر ز نیک و جام — بیچارہ را بساز و نوا کردہ ایم ما

در بزمِ وعظِ شیخ بہ افسردگانِ چند — مے وعدہ کردہ بود وفا کردہ ایم ما

[1]

. . . . . . . . . . . . . . . . . . . .

در آرزوی بخشش و عفو خدائگاں — گر کردہ ایم جرم و خطا کردہ ایم ما

یک عمر صرفِ خدمتِ ایں آستانہ شد — تا مو سپید و پشت دوتا کردہ ایم ما

---

[1] یہ قصیدہ ۴ رجب المرجب ۱۳۴۰ھ کو ایک درخواست کے ساتھ گزرانا گیا تھا۔ جو اشعار چھوڑ دیئے گئے ہیں ان میں اسی درخواست کا تذکرہ تھا۔

پاسِ نمک، حفاظتِ حق، بندگی شاہ | داند خدا چہ کردہ چہ ناکردہ ایم ما
در گلستانِ مدحِ خداوند، ہمسری | با عندلیب نغمہ سرا کردہ ایم ما
مقبول باد عذرِ پراگندہ خاطری | گر لغزشے بمدح و ثنا کردہ ایم ما
آمیں شنیدہ ایم ز روحانیانِ قدس | ہر جا کہ بہر شاہ دعا کردہ ایم ما

محوی گناہ چیست، ز دستِ خدائگاں
گر انتظارِ فضلِ خدا کردہ ایم ما

## نظم نشان (۵)

بہ تقریب سالگرہ مبارک ۱۳۳۴ف بر مصرعِ طرح فرمودہ سرکار دام اقبالہٗ

بقید ہفت بیت

بپا جشنِ ہمایونست از فضلِ خدا امشب | دگرگونست دل آویزی ارض و سما امشب
زمیں در حالتِ وجد و طرب مستانہ می جنبد | پئے عیشِ جہاں عام ست از گردوں صلا امشب
کہ افشاندہ است دامانِ تلطف بر سرِ عالم | کہ می خیزد نشاط انگیز ہر موجِ ہوا امشب
ز سرِ پا کردہ می آیند از ہر سو ہوا خواہاں | نمی دانند ایں دلدادگاں سر را ز پا امشب
ز فیضِ عام و بخششہائے بے اندازۂ شاہی | بصد برگ و نوا گردیدہ ہر بے نوا امشب
رہِ عشاق را یک پردہ بالاتر بزن مطرب | کہ می رقصد شرابِ عیش در سیما نہا امشب
بگوشم می رسد آوازِ تحسینِ سخن سنجاں | غزل خوان ست شاید محوی شیوا نوا امشب

# نظم نشان (۶)

## اولیں نظمے ست که بشرفِ باریابی سرفراز شده عرض نموده شد
## یکم شوال ۱۳۳۵ھ

پیری و ضعیفی ست نه زورست نه مال است
لب تشنه و جاں سوخته ام باده سوال ست

اے ساقیِ دریا دلِ ما خیز که امروز
عیدست و بهارست و روان ماهِ شوال ست

هر گل که سر از شاخ کشد شاهدِ رعنا ست
هر تار که از ابر چکد عقدِ لآل ست

برخیز بصد ناز و دو سه جام بپیما
زاں باده که در مشربِ هر چار حلال ست

بر یادِ رخِ حضرتِ عثمان علی خاں
کو پاک دل و پاک گهر، پاک خیال ست

گردونِ وفا، مهرِ عطا، ماهِ فتوت
دریائے کرم، بحرِ سخا، ابرِ نوال ست

از سایهٔ او هست برومند جهانے
هر چند هنوز او بجهاں تازه نهال ست

بر خویشتن اے خاکِ دکن بال که امروز
عنقائے شرف بر تو کشاده پر و بال ست

در مدحِ تو اے شاه ندانم چه سرایم
در شرحِ کمالِ تو مرا ناطقه لال ست

در عهدِ تو آسوده همه رکنِ شریعت
وز فکِ تو آواره همه کفر و ضلال ست

هر نقطهٔ رنگیں که ز کلکِ تو تراود
بر چهرهٔ رخشائے فصاحت خد و خال ست

در خیلِ ثنا خوانِ[1] خودش گیر که محوی
شیریں سخن، اعجاز بیاں، سحر مقال ست

---

